گیلپ & گیلانی پاکستان | رائے عامہ سروے

# پاکستان کی 70% شرح کریڈٹ کارڈ (credit card) سے آگاہ نہیں ہے، یہ شرح مالی خواندگی کے فرق کو ظاہر کرتا ہے ۔






کیا آپ جانتے ہیں کہ کریڈٹ کارڈ کیا ہے ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**صارفین/تجارتی**

بینکنگ

## پاکستان کی 70% شرح کریڈٹ کارڈ(credit card) سے آگاہ نہیں ہے، یہ شرح مالی خواندگی کے فرق کو ظاہر کرتا ہے۔

**(گیلپ&گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد، 14 اکتوبر، 2024

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً ہر 3 میں سے 1(30%) پاکستانی یہ جانتے ہیں کہ کریڈٹ کارڈ کیا ہے۔سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے کہ پاکستانی خواتین کی نسبت پاکستانی مرد حضرات کی 18% زیادہ شرح اس حوالے سے آگاہ ہے کہ کریڈٹ کارڈ کیا ہے۔ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت، شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی 26% زیادہ شرح کریڈٹ کارڈ کے بارے میں جانتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"کیا آپ جانتے ہیں کہ کریڈٹ کارڈ کیا ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں 30% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" وہ جانتے ہیں کہ کریڈٹ کارڈ کیا ہے، جبکہ 66% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" وہ نہیں جانتے ہیں کہ کریڈٹ کارڈ کیا ہے، تاہم 4% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


سروے سے نتائج سے حاصل ہونے والی معلومات کا خلاصہ: گیلپ&گیلانی پاکستان کے سروے کے نتائج سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ **پاکستان میں مالیاتی خواندگی (یعنی مالی معاملات کو سمجھنے اور اس کو بہتر طریقے سے چلانے کی صلاحیت) خاص طور پر کریڈٹ کارڈ کے حوالے سے معلومات بہت کم ہیں، جو کہ مالی طور پر فراہم کی جانے والی سروسز کو ہر کسی کے لیے قابل رسائی بنانے/اس میں شمولیت اختیار کرنے کی طرف نمایاں اشارہ ہے**۔ سروے کیے گئے افراد کی صرف 30% شرح اس سے آگاہ ہے کہ کریڈٹ کارڈ کیا ہے۔اس حوالے سے کم آگاہی مالی شمولیت میں رکاوٹ بن سکتی ہے، کیونکہ یہ مالیاتی پروڈکٹ/سروسز تک لوگوں کی مؤثر طریقے سے رسائی اور اُن کو استعمال کرنے سے روکتی ہے۔

**"کیا آپ جانتے ہیں کہ کریڈٹ کارڈ کیا ہے؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

**جنس کے اعتبار سے:** پاکستانی خواتین (20%) کی نسبت پاکستانی مرد حضرات (38%) کی 18% زیادہ شرح اس حوالے سے آگاہ ہے کہ کریڈٹ کارڈ کیا ہے۔ کریڈٹ کارڈ کے بارے میں آگاہی ہونے کے حوالے سے یہ فرق پاکستان میں مالیاتی خواندگی (یعنی مالی معاملات کو سمجھنے اور اس کو بہتر طریقے سے چلانے) کے لحاظ سے مرد اور خواتین کے درمیان فرق کو اجاگر کرتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی –شہری علاقوں کے اعتبار سے:** دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (20%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی زیادہ (46%) شرح اس حوالے سے آگاہ ہے کہ کریڈٹ کارڈ کیا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 821 خواتین اور مرد حضرات سے6th اگست تا 9th ستمبر 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 14th October 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating
44
years
of Gallup Pakistan
(1980-2024)